# 1183 ـ بغلوں کے بال استرے وغیرہ سے صاف کرنا

**سوال**

کیا بغلوں کے بال استرے یا بلیڈ سے صاف کرنے صحیح ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جائز ہیں؛ کیونکہ بغلوں کے بال صاف کرنا مقصود ہیں، چاہے وہ اکھاڑ کر کیے جائیں، یا پھر مونڈ کر یا کوئی اور طریقہ استعمال کر کے، لیکن اگر آسانی ہو تو اکھاڑنا بہتر ہیں، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" پانچ اشیاء فطرتی ہیں: ختنہ کرنا، اور مونچھیں کاٹنا، اور ناخن تراشنا، اور بغلوں کے بال اکھاڑنا، اور زیرناف بال مونڈنا "

صحیح بخاری اور صحیح مسلم.